امیر الدین میڈیکل کالج کی سوسائٹی کا ایشیا پیسیفک میں 50 ہزار روپے کا کیش پرائز و پہلی پوزیشن

میڈیکل کے نوجوان ٹیلنٹ سے بھرپور ہیں، مزید مواقع ملنے چاہئیں: پرنسپل پی جی ایم آئی

ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ چلنے کیلئے ہمیں روزافزوں ہونے والی تبدیلیوں کو سامنے رکھنا ہوگا: پروفیسر الفرید ظفر

لاہور 10 دسمبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ میڈیکل کے نوجوانوں میں تعلیم کے علاوہ ہم نصابی سرگرمیوں کا بھرپور ٹیلنٹ موجود ہے اور انہیں جس قدر مواقع ملیں ان کی صلاحیتوں میں اُسی قدر نکھار پیدا ہوگا۔ انہوں نے امیر الدین سوسائٹی آف ریسرچ کے سٹوڈنٹس کی جانب سے ینگ انویسٹیگیٹر ایوارڈ اور 50 ہزار روپے کا انعام حاصل کرنے اور پہلی پوزیشن لینے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ چند برسوں میں امیر الدین میڈیکل کالج میں تعلیم، تحقیق اور ہم نصابی سرگرمیوں میں جو مقام حاصل کیا ہے اُس پر ہم سب کو فخر ہے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے کالج کے ہونہار طالب علم اظہر حسین اور اُن کی ٹیم کو اپنی اور ادارے کی جانب سے مبارکباد کے ساتھ نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ پرنسپل ایل جی ایچ نے میڈیکل کے طلباو طالبات میں تحقیق کے حوالے سے اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ترقی یافتہ ممالک کے ساتھ چلنے کیلئے ہمیں روزافزوں ہونے والی تبدیلیوں کو سامنے رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں ملک بھر کے تعلیمی اداروں کے مابین مقابلہ کرنا انتہائی مشکل مرحلہ تھا جس پر امیر الدین میڈیکل کالج کی سوسائٹی آف ریسرچ کے تمام عہدیداران مبارکباد کے مستحق ہیں۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ یہ ریسرچ جنرل ہسپتال کے میڈیکل یونٹ ون کے پروفیسر ڈاکٹر غیاث النبی طیب کی سربراہی میں کی گئی تھی۔

ایشیا پیسیفک ایسوسی ایشن فار سٹڈی آف لیور اور پاکستان سوسائٹی فار سٹڈی آف لیور ڈیزیز کی اجتماعی کانفرنس میں ملک بھر اور دیگر ممالک سے نامور ریسرچرز اور پروفیسر صاحبان نے شرکت کی اس 4 روزہ کانفرنس میں بالخصوص جگر سے متعلق بیماریوں، اُن کے علاج اور حفاظتی تدابیر سے متعلق اظہار خیال کیا گیا۔ امیر الدین میڈیکل کالج کے طالب علم اظہر حسین کو کیش ایوارڈ کے علاوہ خصوصی سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا۔